© rasailojaraid.com

تبصرۂ کتب

# اسلام کا ایک اور تعارف

تبصرہ نگار: بلند ثنائی*

تلخیص: ڈاکٹر فخر الاسلام

---

کتاب : اسلام کا ایک اور تعارف

*Another Introduction to Islam* by David Waies, Cambridge University Press, 1995

---

حال ہی میں عالم اسلام کے اندر رونما ہونے والے واقعات کے بعد اسلام کے موضوع پر لاتعداد کتابیں لکھی گئی ہیں۔ ان کتب کے جائزے کے بعد یہ بات سامنے آتی ہے کہ بہت کم مصنفین یا تو اس قابل ہیں کہ اسلامی تہذیب پر لکھ سکیں یا وہ قصداً ایسا نہیں کرتے۔ ڈیوڈ وِیز نے ''اسلام کا تعارف'' لکھ کر یہ ثابت کیا ہے کہ وہ ان معدودے چند مصنفین میں سے ہے۔ اس کتاب میں جو انداز اختیار کیا گیا ہے اس سے مذہب اور بالخصوص مطالعہ اسلام کے طریق کار کے حوالے سے کئی اہم سوالات جنم لیتے ہیں۔ انہوں نے مطالعہ اسلام کے بارے میں مظاہراتی (phenomenolgical) رویہ اپنایا ہے اور اسلام کے بارے میں خالص سیکولر بحث کو مشکوک بنا دیا ہے جو عام طور پر اقدار سے آزاد ہوتی ہے۔ تاہم مصنف اس وقت راہ راست پر آ جاتے ہیں جب وہ سماجی اور بشریاتی حوالے سے مذہب کو موضوع بحث بناتے ہیں۔ چنانچہ جب وہ یہ کہتے ہیں کہ ''مذہب ایک چیز نہیں بلکہ مظہر ہے اور دراصل لوگ ہی چیزوں کو رونما کرتے ہیں'' تو وہ فی الواقع اسلام کو سماجی اور تاریخی حوالوں سے سمجھانا چاہتے ہیں۔

وِیز اسلام کو مسلمانوں کے روایتی مؤقف کے مطابق مظاہراتی طور پر پیش کر کے یہ فیصلہ قاری پر

---

* Bulend Senay, "Another Introductionn to Islam: The Myth of the Value-Free Study of Religion," *The American Journal of Islamic Social Sciences*, 15:2, Summer 1998, pp. 83 - 92



© rasailojaraid.com